F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099
Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:24/04/2019

اردو صرف زبان ہی نہیں بلکہ ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کی ترجمان بھی ہے: نودیپ سنگھ سوری

ابوظہبی عالمی کتاب میلے میں قومی اردو کونسل کے اسٹال کا افتتاح

ابوظہبی: متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت ابوظہبی میں 30-24 اپریل 2019 انٹرنیشنل کتاب میلے کا انعقاد کیا گیا ہے۔اس کتاب میلے کا باضابطہ افتتاح متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب محمد بن زائد النہیان اور متحدہ امارات میں ہندوستان کے سفیر عزت مآب نودیپ سنگھ سوری نے مشترکہ طور پر کیا۔اس موقع پر ثقافت اور سیاحت کے انڈر سکریٹری جناب شیخ سعید گوباش نے شمع روشن کر کے بھارت پویلین کا افتتاح کیا۔ ان کے ساتھ ہندوستانی سفیر، این بی ٹی کے چیئرمین و ڈائرکٹر اور قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد بھی موجود تھے۔ جناب نودیپ سنگھ سوری نے قومی اردو کونسل کے اسٹال کا خصوصی جائزہ لیا۔انھوں نے میڈیا سے روبرو ہوتے ہوئے کہا کہ اردو دنیا کی ایک ایسی زبان ہے جس میں جذبات واحساسات کی ترجمانی کی بڑی گنجائش ہے۔ یہ زبان اپنی شیرینی اور مٹھاس کی وجہ سے پوری دنیا میں عزت و وقار کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے۔یہ صرف زبان ہی نہیں بلکہ صحیح معنوں میں ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کی ترجمان بھی ہے۔

اس موقع پر قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ ابوظہبی عالمی کتاب میلے میں قومی اردو کونسل کی شرکت باعث افتخار ہے۔ قومی اردو کونسل پہلی بار کسی بیرونی ملک میں ادبی و ثقافتی تقریبات کا اہتمام کر رہی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ اردو کی نئی بستیوں میں اردو کے فروغ اور اس کی ترویج و اشاعت میں جو دشواریاں حائل ہیں اس کے حل کے لیے کونسل ہر ممکن مدد کرنے کو تیار ہے۔ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ کونسل کی مطبوعات کی تعداد 1300 سے زائد ہے۔کونسل کی یہ کوشش ہوگی کہ اردو کی ان نئی بستیوں میں جہاں اردو کے پڑھنے اور لکھنے والوں کی اچھی خاصی تعداد ہے وہاں تک ان مطبوعات کی رسائی ہو۔

(رابطہ عامہ سیل)